أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، لَا نَبِيَّ بَعْدِیْ الحدیث

ترجمہ: میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں



ختم نبوت کوئیز

حصہ اول و دوم

مرتب

حافظ محمد عبدالمنان نقشبندی

عالم جامعہ نظامیہ

ناشر:

ختم نبوت کونسل، حیدرآباد، دکن۔

Mob : +91 8008870286 / 9347574413

أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ، لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ الحدیث

ترجمہ: میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

ختم نبوت کوئیز

حصہ اول و دوم

مرتب

حافظ محمد عبد المنان نقشبندی

عالم جامعہ نظامیہ

ناشر

ختم نبوت کونسل، حیدرآباد، دکن۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب: ختم نبوت کوئیز (حصہ اول و دوم)

مرتب: حافظ محمد عبدالمنان، عالم جامعہ نظامیہ

کمپوزنگ: المدینہ کمپوزنگ سنٹر، فتح دروازہ، حیدرآباد۔

تعداد: 1000

اشاعت: ماہ شوال المکرم، 1444ھ، اپریل 2023ء

مطبوعہ: مبارک پریس، علی نگر، حیدرآباد۔

ناشر: ختم نبوت کونسل، حیدرآباد۔

کتاب ملنے کے پتے:

☆ جامع مسجد محمدیہ، چنے کی بھٹی، مصری گنج۔ فون: 9347574413

☆ نظامی بک ہاؤس، نزد جامعہ نظامیہ۔ فون: 8978995192

☆ دارالعلوم سیف الاسلام، خلوت۔ فون: 9700783668

☆ مدرسہ انوار، مسجد انوارالشکور، جہاں نما۔ فون: 7396136133

☆ مدرسہ انوار و رضا، اندرا نگر، حسن نگر۔ فون: 8919563880

☆ جامع مسجد محمدیہ وادی قبا، حکیم پیٹ کنٹہ۔ فون: 8125341113

☆ المدینہ کمپوزنگ سنٹر، فتح دروازہ۔ فون: 8008870286

گذارش: اس رسالہ میں جہاں کہیں غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی کونسل کو اطلاع فرمائیں تاکہ آئندہ طباعت میں اس کو درست کیا جاسکے۔ فون: 9347574413

حصہ اول

نبی کی تعریف

1: نبی اور رسول کون ہیں؟

ج: نبی اور رسول اللہ تعالیٰ کے خاص اور فرماں بردار بندے ہیں۔

2: نبی اور رسول کو دنیا میں کیوں بھیجا جاتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ لوگوں کی ہدایت کے لئے دنیا میں نبی اور رسول کو بھیجتا ہے۔

3: رسول کسے کہتے ہے؟

ج: رسول کو نئی کتاب اور شریعت دی جاتی ہے۔

4: رسول کی جمع کیا ہے؟

ج: رسول کی جمع رُسل ہے۔

5: رُسل کی تعداد کتنی ہے؟

ج: رُسل کی تعداد تین سو تیرہ (313) ہے۔

6: نبی کسے کہتے ہے؟

ج: نبی کو نئی شریعت یا نئی کتاب نہیں دی جاتی بلکہ وہ پچھلے رسول کی کتاب و شریعت کی ہی تبلیغ کرتے ہیں۔

7: نبی کی جمع کیا ہے؟

ج: نبی کی جمع انبیاء ہے۔

8: انبیاء کی تعداد کتنی ہے؟

ج: انبیاء کی تعداد کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار (1,24,000) ہے۔

9: نبی اور رسول کیسے ہوتے ہیں؟

ج: نبی اور رسول گناہوں سے پاک ہوتے، اللہ تعالیٰ کا راستہ بتلاتے، بھلائی کا حکم دیتے، اچھے اور غلط کی تمیز سکھاتے اور برائی سے روکتے ہیں۔

10: کیا کوئی شخص محنت اور عبادت سے نبی بن سکتا ہے؟

ج: نہیں، کوئی شخص محنت وعبادت سے نبی نہیں بن سکتا بلکہ اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہوتا ہے۔

11: سب سے پہلے نبی کون ہے؟

ج: سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہے۔

سب سے آخری نبی

12: سب سے آخری نبی کون ہیں؟

ج: سب سے آخری نبی اور رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

13: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری نبی سے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

14: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ختم نبوت سے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھ پر نبوت ختم کردی گئی یعنی میں ہی آخری نبی ہوں۔

15: کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نبوت کا سلسلہ جاری ہے؟

ج: نہیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں۔

16: اگر کوئی مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی نہ مانے تو کیا وہ مسلمان رہے گا؟

ج: نہیں، جو کوئی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی نہ مانے وہ مسلمان نہیں۔

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

17: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کہاں پر ہوئی؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مکہ مکرمہ کے سوق اللیل میں ہوئی۔

18: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کب ہوئی؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت 12 ربیع الاول بروز پیر صبح صادق کے وقت ہوئی۔

19: حضور ﷺ کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے والد کا نام حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہے۔

20: حضور ﷺ کی والدہ کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کی والدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا ہے۔

21: حضور ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہے۔

22: حضور ﷺ کے نانا کا نام کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کے نانا کا نام حضرت وہب بن مناف رضی اللہ عنہ ہے۔

23: حضور ﷺ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: حضور ﷺ کا نام مبارک حضرت محمد ﷺ ہے۔

24: خَاتَمُ النَّبِيِّينَ کس کا لقب ہے؟

ج: خَاتَمُ النَّبِيِّينَ (آخری نبی) حضور ﷺ کا لقب مبارک ہے۔

25: وصال کے وقت، حضور ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: وصال کے وقت، حضور ﷺ کی عمر مبارک ترسٹھ (63) سال تھی۔

26: حضور ﷺ کے اخلاق کیسے ہیں؟

ج: حضور ﷺ کے اخلاق سب سے اچھے ہیں۔

27: حضور ﷺ نے اچھے اخلاق کے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور ﷺ نے فرمایا اچھے اخلاق آدھا دین ہے۔

☆☆☆☆☆

حصہ دوم

جھوٹے مدعیانِ نبوت

28: جھوٹے مدعیان نبوت کسے کہتے ہیں؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جو کوئی نبوت کا دعویٰ کرے انہیں جھوٹے مدعی نبوت کہتے ہیں۔

29: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھوٹے مدعیان نبوت کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت میں تیس کذاب ہوں گے، ہر ایک نبی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرے گا۔

30: کس نے سب سے پہلے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا؟

ج: اَسْوَدْ عُنُسِیْ نے سب سے پہلے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

31: جھوٹے مدعیان نبوت کا سلسلہ کس دور میں شروع ہوا؟

ج: جھوٹے مدعیان نبوت کا سلسلہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ ہی میں شروع ہوا۔

32: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں کتنے جھوٹوں نے نبوت کا دعویٰ کیا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں 2 جھوٹوں نے نبوت کا دعویٰ کیا۔

33: ان دونون کے نام کیا ہے؟

ج: ان دونوں کے نام اَسْوَدْ عُنُسِیْ اور مُسَیْلَمَہْ کَذَّابْ ہے۔

34: جھوٹے مدعیانِ نبوت کے نام بتایئے؟

ج: اَسْوَدْ عُنُسِیْ، مُسَیْلَمَہْ، سَجَاحْ بِنْتِ حَارِثْ، غلام قادیانی، ریاض گوہر شاہی، وغیرہ۔

35: موجودہ زمانہ میں کون فتنہ پھیلا رہے ہیں؟

ج: موجودہ زمانہ میں غلام قادیانی اور ریاض گوہر شاہی فتنہ پھیلا رہے ہیں۔

36: کیا جھوٹے مدعیانِ نبوت کو ماننے والا مسلمان ہے؟

ج: نہیں، جو کوئی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی کو نبی مانے گا، وہ اسلام سے خارج ہے۔

قیامت

37: قیامت کسے کہتے ہیں؟

ج: قیامت اس دن کو کہتے ہیں جس دن اللہ تعالیٰ ساری کائنات کو ختم کردے گا۔

38: قیامت کے دن کیا ہوگا؟

ج: قیامت کے دن ہر شخص کا حساب ہوگا۔

39: قیامت سے قبل کس کا ظہور ہوگا؟

ج: قیامت سے قبل حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔

40: قیامت سے قبل کس کا نزول ہوگا؟

ج: قیامت سے قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا۔

41: قیامت سے پہلے کون فتنہ پھیلائے گا؟

ج: قیامت سے پہلے دجال فتنہ پھیلائے گا۔

42: قیامت سے پہلے کون فساد مچائیں گے؟

ج: قیامت سے پہلے یاجوج ماجوج فساد مچائیں گے۔

حضرت امام مہدی علیہ السلام

43: حضرت امام مہدی علیہ السلام کا تعلق کس سے ہوگا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مہدی کا تعلق میرے اہل بیت سے ہوگا۔

44: حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور کہاں ہوگا؟

ج: حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور مکہ میں ہوگا۔

45: حضرت امام مہدی علیہ السلام کس کی اولاد میں سے ہوں گے؟

ج: حضرت امام مہدی علیہ السلام حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہوں گے۔

46: حضرت امام مہدی علیہ السلام کا نام کیا ہوگا؟

ج: حضرت امام مہدی علیہ السلام کا نام محمد ہوگا۔

47: حضرت امام مہدی علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہوگا؟

ج: حضرت امام مہدی علیہ السلام کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔

48: حضرت امام مہدی علیہ السلام کتنے سال حکومت کریں گے؟

ج: حضرت امام مہدی علیہ السلام سات (7) یا نو (9) سال حکومت کریں گے۔

49: کیا کسی نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے؟

ج: ہاں، کئی لوگوں نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

50: ہندوستان میں سب سے پہلے کس نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا؟

ج: ہندوستان میں سب سے پہلے سید محمد جونپوری نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

51: موجودہ زمانہ میں کس نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے؟

ج: موجودہ زمانہ میں شکیل بن حنیف نے امام مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

52: شکیل بن حنیف کہاں کا رہنے والا ہے؟

ج: شکیل بن حنیف بہار، ہندوستان کا رہنے والا ہے اور اب ناندیڑ، مہاراشٹرا میں رہتا ہے۔

53: کیا شکیل بن حنیف کا اسلام سے کوئی تعلق ہے؟

ج: نہیں، شکیل بن حنیف کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، وہ کافر اور جھوٹا ہے۔

54: کیا شکیل بن حنیف کے ماننے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق ہے؟

ج: شکیل بن حنیف کے ماننے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، وہ سب خارج اسلام ہے۔

55: غلام قادیانی، ریاض گوہر شاہی، شکیل جیسے فتنوں سے کس طرح بچیں؟

ج: ہر مسئلہ کا حل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و اطاعت ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

56: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کون ہے؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول ہے۔

57: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا کیا مطلب ہے؟

ج: حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر اٹھالیا تھا، قیامت سے قبل دنیا میں آسمان سے آئیں گے۔

58: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کہاں ہوگا؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول شہر **دمشق** کی جامع مسجد، شام میں ہوگا۔

59: کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول بحیثیت نبی ہوگا؟

ج: حضرت عیسیٰؑ کا نزول بحیثیت نبی نہیں ہوگا بلکہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت پر ہی عمل کریں گے۔

60: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات مبارکہ کتنی ہوگی؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات مبارکہ چالیس سال ہوگی۔

دجال کا خاتمہ

61: دجال کون ہے؟

ج: دجال یہود النسل انسان ہوگا۔ اور یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔

62: دجال کا حلیہ کیا ہوگا؟

ج: دجال پست قد، تیڑھی ٹانگوں والا، گھنگرالے بالوں والا ہوگا۔

63: دجال کہاں داخل نہیں ہوسکے گا؟

ج: دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوسکے گا۔

64: دجال کا خاتمہ کون کریں گے؟

ج: دجال کا خاتمہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کریں گے۔

ارشادات آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

65: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سچ کو لازم رکھو۔

66: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھوٹ کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جھوٹ سے پرہیز کرو۔

67: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نرمی سے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا نرمی اختیار کرو۔

68: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بخل کے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا بخل سے بچو۔

69: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حرص کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا حرص نہ کرو۔

70: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دھوکے کے متعلق کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کسی کو دھوکا نہ دو۔

71: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غصہ کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا غصہ میں نہ آیا کرو۔

☆☆☆☆☆

مراجع ومصادر:

☆صحیح البخاری ☆صحیح مسلم
☆سنن ابوداؤد ☆جامع ترمذی
☆ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ☆نصاب اہل خدمات شرعیہ
☆بہار شریعت